سوال

(30) مصنوعی دانت اور وضو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بریڈفورڈ سے منیر احمد لکھتے ہیں

کوئی آدمی مصنوعی دانتوں کو وضو سے پہلے نکال کر مسواک کرلے اور بعد میں دوبارہ لگا کر نماز ادا کی جاسکتی ہے کہ نہیں؟ اکثر دیکھا گیا ہے کہ بعض لوگ مصنوعی دانتوں کو نکالے بغیر کلی اور مسواک کرلیتے ہیں قرآن وحدیث میں ایسا کرنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

وضو سے پہلے مسواک کرنا اہم سنت نبوی ﷺ ہے جس کا مقصد منہ اور دانتوں کو صاف رکھنا ہے اگر مصنوعی دانت نکالے بغیر بھی مسواک کا مقصد پورا ہوسکتا ہو تو دانتوں کا نکالنا ضروری نہیں اصل مقصد دانتوں کی صفائی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص122

محدث فتویٰ